DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.08.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | قومی مفادات کیلئے ذاتی مفاد قربان کرنے سے ملک خوشحال ہوگا، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | صوبائی حکومت نے تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ پبلک کر دیا ہے، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | مون سون بارش تمام اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں، وزیر صحت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | سردار عبدالرحمان کا زائرین بس حادثے پر اظہار افسوس | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | شعیب نوشیروانی کا کونسل ہائی وے اور راولاکوٹ حادثات پر اظہار افسوس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | جیونی گند سے گوادر تک زائرین کی نقل وحرکت پر مکمل پابندی عائد | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | عوام کی جان ومال کی حفاظت لیویز فورس کی ذمہ داری ہے، ڈی سی قلات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | مونکی پاکس کے پیش نظر بی ایم سی ہسپتال میں خصوصی آئی سی یو وارڈ قائم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ہوٹل سے گدھے کے گوشت کے شواہد نہیں ملے، فوڈ اتھارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | چہلم امام حسین کی مناسبت سے جلوس آج برآمد ہونگے، سیکورٹی کے فول پروف انتظامات | آزادی ودیگر اخبارات |
| 11 | حب میں بدامنی کے باعث لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں، سردار صالح بھوتانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | نواب بگٹی کی شہادت میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | ایران جانے والے زائرین کیلئے ٹور آپریٹرز کے بے ضابطگیاں سامنے آگئیں | آزادی ودیگر اخبارات |
| 14 | انتخابات میں دھاندلی کے ذریعے پارٹی کا مینڈیٹ چرایا گیا، جمعیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کا پیر سے تمام دفاتر بند کرنے کا اعلان۔ | باخبر ودیگر اخبارات |
| 16 | غیر قانونی ٹرالنگ سے مچھلیوں کی افزائش نسل متاثر، ہدایت الرحمان۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17 | 10 سرکاری ہسپتال پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ساحل ووسائل پر بلوچوں کا حق ملکیت تسلیم کیا جائے، بی این پی عوامی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

فائرنگ وحادثات میں تین افراد جاں بحق، کوئٹہ وعبدالرحمان زئی سے دو نعشیں برآمد، دشت سے نوجوان کی لاش برآمد، پی پی ایل اے کا ریٹائرڈ ملازم بازیاب تین اغواء کار گرفتار کر لئے گئے، کوئٹہ کیچی بیگ تھانے سے دستی بم سے حملہ، پنجگور لیویز فورس کی کارروائی اسلحہ راؤنڈز اور ایس ایم جی میگزین برآمد،

## عوامی مسائل:

کوئٹہ کے گنجان آباد علاقوں میں کچرے کی ڈھلائی کا نظام متاثر، صفائی کا نظام نہ ہونے کے برابر، سریاب سمیت شہر کے اکثر علاقوں مین پتنگ بازی کیلئے خطرناک کیمیکل ڈور کا استعمال جاری، نوسربازوں نے ٹیلی کام کمپنیوں کی آڑ لے کر لوگوں کو لوٹنا شروع کر دیا۔

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 26.08.2024

**اداریہ :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں بارشوں اور سیلاب سے تباہی ،متاثرین کی بحالی کیلئے وفاقی ڈونرز کانفرنس کا انعقاد کرے !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں یکم جولائی سے شروع ہونے والی مون سون بارشوں نے مختلف اضلاع میں تباہی مچا دی ہے بارشوں سے 3 ہزار سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں ،صوبے بھر میں مختلف حادثات میں 19 افراد جاں بحق اور 11 زخمی ہوئے ہیں ،صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ یکم جولائی سے اب تک مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث 417 مکانات کو نقصان پہنچا ہے 124 گھر مکمل منہدم اور 293 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے جبکہ بارشوں سے 197 ایکڑ پر فصلیں اور 31 کلومیٹر سڑکیں متاثر ہوئیں 6 پلوں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے جبکہ بارشوں کے دوران 120 مویشی ہلاک ہوئے ہیں ،گزشتہ روز نیشنل ڈیزاسٹر اتھارٹی نے ملک بھر میں یکم جولائی سے 17 اگست تک ہونے والی موسلا دھار بارشوں سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ جاری کی تھی حالیہ بارشوں سے صوبے کے 16 اضلاع شدید متاثر ہوئے ہیں جہاں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں ،صوبائی حکومت نے قلات ،زیارت ،آواران ،کچھی ،لورالائی ،صحبت پور اور لسبیلہ کے اضلاع کی کئی یونین کونسلوں کو آفت زدہ قرار دیتے ہوئے ایمرجنسی نافذ کر دی ہے سب سے زیادہ بارش قلات میں 48 ملی میٹر ،اوستہ محمد میں 34 ملی میٹر ،سبی میں 21 ملی میٹر ،کوئٹہ اور خضدار میں 10 ملی میٹر جبکہ ژوب اور چمن میں 9 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی بلوچستان نیشنل ہائی وے اتھارٹی حکام کے مطابق شمالی بلوچستان کی تمام قومی شاہراہیں ہر قسم کی ٹریفک کے لئے کھلی ہے جبکہ اتھارٹی سیلابی پانی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کیلئے 24 گھنٹے کام کر رہی ہے،

**اداریے :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان حکومت کا 10 اضلاع کے ہسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلانے کا انقلابی قدم!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " **Improving Health sector**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**بلوچستان کے حالات کا تاریخی پس منظر** " کے عنوان سے عرفان اظہر کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

## مشکلات کے باوجود روشن مستقبل کیلئے پرعزم ہیں، گورنر مندوخیل

### قوم کیلئے ذاتی مفاد قربان کرکے ہم معاشی اور سیاسی استحکام حاصل کرسکتے ہیں، بیان

کوئٹہ (غ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ فرد، ادارے اور قوم کی زندگی میں نشیب و فراز آتے رہتے ہیں کٹھن حالات' مشکلات' سیاسی و معاشی چیلنجز عارضی ہیں ہمیں ناامید اور مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے ہم نے نوجوانوں کی شراکت سے یہ ثابت کرتا ہے کہ ہم مضبوط اعصاب کے مالک ہیں ہم خطرات مول لینے کی شاندار تاریخ اور ہر قسم کے بحرانوں سے نکلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ نئے جذبے و ولولے کے ساتھ ایک روشن اور خودمختار مستقبل کیلئے ہم پرعزم قوم ہیں۔ گورنر نے کہا کہ مجھے معاشی تنگدستی، فکری انتشار، بے روزگاری اور باہمی اتحاد و اتفاق کی کمی کا خوب احساس ہے لیکن ان تمام ناساعد حالات و مصائب میں بھی ہم ایک روشن مستقبل کی تلاش میں متحد ہیں ہمیں اپنے سیاسی اور معاشی بحرانوں سے آگے بڑھنے اور سب کو ساتھ لے جانے کے مواقع کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ قومی مفادات کیلئے ذاتی مفاد قربان کرکے، معاشرے کی عظیم خاموش اکثریت کی آواز بننے اور عوام کے حقوق و اختیارات میں اضافہ کرنے کے بعد ہی ہمیں معاشی آسودگی اور سیاسی استحکام کی ضمانت مل سکتی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## قومی مفادات کیلئے ذاتی مفاد قربان کرنے سے ملک خوشحال ہوگا، جعفر مندوخیل

### موجودہ تمام سیاسی و معاشی چیلنجز وقتی اور عارضی ہیں سردست ہمیں ناامید اور مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے

### ہم جانتے ہیں کہ زندگی سیدھی لکیر ہرگز نہیں ہے بلکہ ایک فرد یا قوم کی سطح پر ایک مشکل سفر ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ فرد، ادارے اور قوم کی زندگی میں نشیب و فراز آتے رہتے ہیں کٹھن حالات اور مشکلات اگرچہ پُرخار اور پرخطر قومی سفر کے لازمی حصے ہیں لیکن یہ جاننا ضروری ہے کہ ہمارے موجودہ تمام سیاسی و معاشی چیلنجز...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

وقتی اور عارضی ہیں سردست ہمیں ناامید اور مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم نے نوجوانوں کی شراکت سے یہ ثابت کرتا ہیں کہ ہم مضبوط اعصاب کے مالک ہیں، ہم خطرات مول لینے کی شاندار تاریخ رکھتے ہیں، ہم ہر قسم کے بحرانوں سے نکلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور اب ہم نئے جذبہ و ولولہ کے ساتھ ایک روشن اور خودمختار مستقبل کیلئے پرعزم قوم ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ مجھے صوبے اور ملک میں موجودہ معاشی تنگدستی، فکری انتشار، بیروزگاری اور باہمی اتحاد و اتفاق کی کمی کا خوب احساس ہے لیکن ان تمام ناساعد حالات و مصائب میں بھی ہم ایک روشن مستقبل کی تلاش میں متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ زندگی سیدھی لکیر ہرگز نہیں ہے بلکہ ایک فرد یا قوم کی سطح پر ایک مشکل سفر ہے جو اتار چڑھاؤ سے متاثر ہے البتہ بحیثیت قوم ہم اپنے حصے کے چیلنجز اور مشکلات کا سامنا کرچکے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ ہمیں اپنے سیاسی اور معاشی بحرانوں سے آگے بڑھنے اور سب کو ساتھ لے جانے کے مواقع کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کردیا کہ قومی مفادات کیلئے ذاتی مفاد قربان کرنے، اپنے معاشرے کی عظیم خاموش اکثریت کی آواز بنے اور عوام کے حقوق و اختیارات میں اضافہ کرنے کے بعد ہی ہمیں معاشی آسودگی اور سیاسی استحکام کی ضمانت مل سکتی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 26 AUG 2024 Page No:

# Governor stresses sacrificing personal interest for nation

**Staff Report**

**QUETTA:** Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail said that there are ups and downs in the life of individuals, institutions and the nation. Difficult situations and hardships are an integral part of the arduous and risky national journey, but it is important to know that all our current political and economic challenges are temporary.

There is no need for us to be hopeless and disappointed. We have to prove with the participation of the youth that we have strong nerve, we have a great history of taking risks, we have the ability to overcome all kinds of crises and now we are a bright with new passion. And they are a nation committed to an independent future.

Governor Balochistan Jafar Khan Mandokhail said that I have a good sense of the current economic hardship, intellectual chaos, unemployment and lack of mutual unity and agreement in the province and the country, but even in all these adverse situations and sufferings, we are united in search of a bright future.

He said that we know that life is not a straight line at all but a difficult journey at the level of an individual or a nation which is affected by ups and downs but as a nation we have faced our share of challenges and difficulties so it is necessary that we should use our political and economic crises as opportunities to move forward and bring everyone together.

He made it clear in two blunt words that we can get the guarantee of economic comfort and political stability only after sacrificing personal interest for national interests, becoming the voice of the great silent majority of our society and increasing the rights and options of the people.

The Governor said that the province is rich in natural resources and minerals, and it was important to utilize the available mineral resources for the best interests of the country and the people.

He said that protection of life and property of the people was the responsibility of the government. He said that creating new trade opportunities for the businessmen, industrialists and mine owners of the province was top priority of the provincial government.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

الشرق کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

جلد 53 | پیر 20 صفر 1446ھ 26 اگست 2024ء صفحات 08 | شمارہ 58

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

Bullet No.________ Page No.________

## صوبائی حکومت نے تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ پبلک کردیا ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کی عوام براہ راست ان منصوبوں کے کام کی کوالٹی اور تکمیل پر اپنی رائے دے سکتے ہیں جس پر کارروائی کی جائے گی

ترقیاتی منصوبے گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر مکمل کیے گئے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا ویب سائٹ پر بیان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں گڈ گورننس کے لئے ایک اور قدم اٹھایا ہے، گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر مکمل کئے گئے تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ پبلک کر دیا گیا ہے۔ بلوچستان کی عوام براہ راست ان منصوبوں کے کام کی کوالٹی اور تکمیل پر اپنی رائے دے سکتے ہیں جس پر کارروائی کی جائے گی۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | مسلسل اشاعت کے 79 سال | بلوچستان کا قدیم اور مقبول روزنامہ

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | پیر 26 اگست 2024ء، 20 صفر المظفر 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 234


# تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ پبلک کر دیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ بگٹی

بلوچستان میں گڈ گورننس کے لئے ایک اور قدم اٹھایا ہے، گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر متعدد منصوبے مکمل کیے گئے

بلوچستان کی عوام براہ راست ان منصوبوں کے کام کی کوالٹی اور تکمیل پر اپنی رائے دے سکتے ہیں جس پر کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (پی این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں گڈ گورننس کے لئے ایک اور قدم اٹھایا ہے، گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر مکمل کیے گئے تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ پبلک کر دیا گیا ہے۔ بلوچستان کی عوام براہ راست ان منصوبوں کے کام کی کوالٹی اور تکمیل پر اپنی رائے دے سکتے ہیں جس پر کارروائی کی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

کوئٹہ، اسلام آباد اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ

ABC

روزنامہ

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 20 | 26 اگست 2024، 20 صفر المظفر 1446ھ | شمارہ 140

Bullet No.

Page No.

## گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر کام کیے گئے: سرفراز بگٹی

**بلوچستان میں گڈ گورننس کے لئے ایک اور قدم اٹھایا ہے، گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر مکمل کئے گئے**

**بلوچستان کی عوام براہ راست ان منصوبوں کے کام کی کوالٹی اور تکمیل پر اپنی رائے دے سکتے ہیں جس پر کارروائی کی جائے گی**

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بقیہ 6 صفحہ 6 پر

بلوچستان میں گڈ گورننس کے لئے ایک اور قدم اٹھایا ہے۔ گزشتہ مالی سال میں ڈویژن کی سطح پر مکمل کیے گئے تمام ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ پبلک کر دیا گیا ہے۔ بلوچستان کی عوام براہ راست ان منصوبوں کے کام کی کوالٹی اور تکمیل پر اپنی رائے دے سکتے ہیں جس پر کارروائی کی جائے گی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 — VOL XLV No. 840 QUETTA Monday August 26, 2024 /Safar ul Muzaffar 20, 1446 Rs: 30

# CM orders better treatment facilities to injured persons

Staff Report

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has expressed his deep sorrow and regret over the loss of precious human lives in the accident on the Makran Coastal Highway.

Mir Sarfraz Bugti issued instructions for immediate and better treatment of the injured persons in the accident. Better facilities should be provided to all the injured in the accident, he said.

Earlier, at least 11 people were killed and 35 injured on Sunday when a bus overturned on the Makran coastal highway and fell into a ditch, police said.

Senior Superintendent of Police (SSP) Lasbela Capt. Naveed Alam said the bus was carrying pilgrims from Iran to Punjab when it overturned near Buzzi Top as the driver lost control of the vehicle due to overspeeding.

Four passengers were still trapped inside the coach, and a crane has been called for to evacuate them, SSP Alam said. The dead and injured were said to be from Lahore and Gujranwala, according to Hakeem Lassi, Edhi incharge Lasbela.

He added that the army, Rescue 1122, and Edhi were conducting the rescue operation, and the injured had been shifted to civil hospital.

An emergency has been imposed in hospitals in Hub to treat the injured, according to Mir Ali Hassan Zehri, adviser on commerce and industries to Balochistan's CM.

The Sindh government has also been contacted for the best possible treatment for the injured, as have authorities of the health department, he added.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.　　　Dated: 26 AUG 2024　　　Page No.

## مون سون بارش: تمام اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، وزیر صحت

### ہیڈز جائے تعیناتی پر موجود رہیں، ڈاکٹرز حاضری یقینی بنائیں، عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، فیصل جمالی

اوستہ محمد (خ ن) صوبائی وزیر صحت سردارزادہ فیصل جمالی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد آفس میں اجلاس ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر محمد جلیل احمد سمیت دیگر ڈسٹرکٹ ہیڈز اور ان کے نمائندے شریک تھے، اجلاس کے موقع پر مون سون بارشوں اور ہنگامی اقدامات کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر صحت سردار زادہ فیصل جمالی نے کہا کہ حکومت کی یہی کوشش ہے کہ مون سون بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال کو مدنظر رکھ کر تمام اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں جس کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں اقدامات کیے جارہے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ تمام ڈسٹرکٹ ہیڈز اپنی جائے تعیناتی پر موجود رہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار حالات سے نمٹنے کے لیے فوری طور پر اقدامات کیے جائیں اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، محکمہ ایریگیشن مواصلات و تعمیرات میونسپل کارپوریشن اور زرعی انجینئرنگ کے افسران کو چاہیے کہ وہ اپنی مشینری اور عملے کو مستعد رکھیں تاکہ فوری طور پر ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کیے جائیں، ہمیں عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ٹھوس حکمت عملی کے تحت کام کرنا ہوگا تاکہ مشکل حالات کے وقت عوام کو کسی بھی تکالیف سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ انہوں نے محکمہ صحت کے افسروں کو سختی سے ہدایت دی کہ مون سون بارشوں کے موقع پر تمام طبی مراکز میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی حاضری کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ اس حوالے سے تمام چھٹیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔ فرائض میں غفلت برتنے والوں کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے گا جبکہ طبی مراکز میں ادویات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے اگر مشکلات کا سامنا درپیش ہو تو ہمیں تحریری طور پر آگاہی فراہم کی جائے تاکہ ادویات و دیگر ضروریات کی چیزوں کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔

## سردار عبدالرحمن کھیتران کا زائرین بس حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے کوسٹل ہائی وے پر زائرین کے بس حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ میں جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## شعیب نوشیروانی کا کوسٹل ہائی وے اور راولاکوٹ حادثات پر اظہار افسوس

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کوسٹل ہائی وے میں زائرین کی بس حادثہ اور راولپنڈی کے کہوٹہ راولاکوٹ آزاد پتن پل کے قریب مسافر بس حادثے میں ہونے والے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انھوں نے اپنے بیان میں دونوں مقامات پر بس حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے اور حادثے میں زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے صوبائی وزیر نے بس حادثوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 26 AUG 2024 Page No. ______


## گوادر میں پینے کے صاف پانی کی دستیابی کیلئے حکمت عملی تیار

بیسک ہیلتھ یونٹ کلڈان میں میڈیکل سٹاف اور ادویات کی کمی ہے، لوڈ شیڈنگ جاری اور کئی علاقوں میں بجلی سہولت میسر نہیں

**بی ایچ یو، بجلی لوڈ شیڈنگ کے مسائل حل کیے جائیں گے، پاک فوج اور سول انتظامیہ کی کھلی کچہری کے دوران عوام کو یقین دہانی**

گوادر (خ ن) گوادر کے علاقے کلڈان میں مقامی آبادی کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے کھلی کچہری کا اہتمام کیا گیا۔ کھلی کچہری میں پاک فوج کے متعلقہ افسران سمیت اسسٹنٹ کمشنر گوادر، تحصیلدار جیونی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں مقامی آبادی کو درپیش پینے کے پانی کے مسائل اور ان کے جلد سد باب کے حوالے سے حکمت عملی اختیار کی گئی۔ مقامی آبادی کی جانب سے بیسک ہیلتھ یونٹ کلڈان میں میڈیکل سٹاف اور ادویات کی کمی کا بتایا گیا جس کے حل کے لیے فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایات کی گئی۔ مقامی آبادی کی جانب سے لوڈ شیڈنگ اور کئی علاقوں میں بجلی کی سہولت میسر نہ ہونے کے حوالے سے بتایا گیا، جس کو حل کروانے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ اہل علاقہ نے سول انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنر اور پاک فوج کی کاوشوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے۔

## پشین دھماکہ خوارج نے صوبے کا امن برباد کرنے کی کوشش کی، جمال رئیسانی

**پشین میں خواتین اور بچوں پر حملہ اسلامی اور صوبے کے روایات کے منافی ہے میر ظہور بلیدی**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی وصوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور بلیدی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر کہا ہے کہ پشین میں ہونے والے دھماکے میں معصوم بچوں کو شہید کر کے خوارج نے صوبے کا امن برباد کرنے کی کوشش کی ہے، ایسی بزدلانہ کاروائیوں سے بلوچستان کی عوام ڈرنے والی نہیں۔ شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہیں شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

۔ ان شاء اللہ جلد دہشتگردی پر قابو پالیا جائے گا صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ پشین میں پیش آنے والے دلخراش واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں۔ خواتین اور بچوں پر حملہ اسلامی اور صوبے کے روایات کے منافی ہے۔ مشکل کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہوں۔ اللہ تعالی شہداء کی مغفرت کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ صوبائی حکومت کی جانب سے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

Century Express Quetta

## بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کمی نہیں، عبدالقادر

**حکومتی سطح پر سرپرستی اور مواقع فراہم کرنے سے صوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں**

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان انتہائی محنتی اور مضبوط اعصاب کے مالک ہیں فٹ بال، والی بال، باکسنگ جیسے کھیل صوبے بھر میں بے حد مقبول ہیں کھیلوں میں حکومتی سرپرستی نہ ہونے کی وجہ سے باصلاحیت کھلاڑی ضائع ہو جاتے ہیں اگر عالمی معیار کی سہولیات سے آراستہ جمنیزیم تیار کیے جائیں تو بڑی تعداد میں عالمی سطح کے کھلاڑیوں کو تیار کیا جا سکتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان زیادہ محنتی اور سخت جان ہونے کی وجہ سے کسی بھی کھیل میں عالمی سطح کی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں وفاقی (باقی صفحہ 5 نمبر 44)

(باقی صفحہ 5 نمبر 44)

اور صوبائی حکومتیں مل کر صوبے کی عوام کو عالمی معیار کے سپورٹس کمپلیکس بنا کر دے سکتی ہیں اگر صوبے کے نوجوانوں کو کھیلوں کے میدانوں کی سہولیات فراہم کر دی جائیں تو نوجوان نشے اور جرائم میں ملوث ہونے کی بجائے صحت مند سرگرمیوں میں حصہ لینے لگیں گے نوجوان قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لئے فوری طور پر عالمی سطح کی سپورٹس کی سرگرمیوں کا آغاز کرے تاکہ نوجوانوں کو تعمیری کردار ادا کرنے کا موقع مل سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## جی ڈی اے پرانے شہر کے انفراسٹرکچر کو جدید بنانے کیلئے کوشاں

جی ڈی اے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت، قدیم شہر کے انفراسٹرکچر کو جدید سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے ساتھ ہم آہنگ کر رہی ہے

**مقصد شہر کی خوبصورتی بڑھانے اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ رہائشیوں کو بنیادی ضروریات زندگی فراہم کرنا ہے**

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل شفقت انور شاہوانی کی خصوصی ہدایات پر، اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت ترقیاتی کاموں میں غیر معمولی تیزی لائی گئی ہے۔ منصوبے کے تحت، شہر کے مختلف حصوں میں سڑکوں کی توسیع اور پختگی، ڈرینج اور سیوریج لائنز کی تنصیب، تعلیمی اداروں، عیدگاہ، قبرستان کی تعمیر و توسیع، اور ثقافتی ورثہ کی بحالی کے ساتھ ساتھ صاف پانی کی فراہمی کے لیے نئی پائپ لائن کی تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔ جی ڈی اے کی طرف سے، ان ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور اعلی معیار کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔ متعلقہ بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر

بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر

افسران اور انجینئرز کو ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ ان منصوبوں کی سخت نگرانی کریں۔ تاکہ عوام کو براہ راست فوائد حاصل ہوں اور ترقیاتی عمل میں عوامی شمولیت اور حمایت یقینی بنائی جا سکے۔ سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان کے تحت، جی ڈی اے پرانی شہر کی انفراسٹرکچر کو جدید اور خوبصورت بنا رہی ہے۔ اس جامع منصوبے کا مقصد نہ صرف شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنا ہے بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینا بھی ہے۔ جدید رہائشی سہولیات اور بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی کے ساتھ، یہ منصوبہ ایک بہترین اور جدید طرز زندگی فراہم کرنے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 AUG 2024 Page No.


## پنجگور: سیکورٹی فورسز کے ناکے پر دو گرنیڈ فائر

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور رخشان ندی پر قائم سیکورٹی فورسز کے ناکے پر نامعلوم سمت سے دو گرنیڈ لانچرز فائر کیے گئے جو ناکے سے دور غا' جگہ پر گر کر دھماکے سے پھٹ گئے پولیس کے مطابق دھماکے میں کوئی جانی مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

## کوئٹہ: کیچی بیگ تھانے پر دستی بم سے حملہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نامعلوم افراد کا کیچی بیگ تھانے پر دستی بم سے حملہ، تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے اتوار کی شب کیچی بیگ تھانے پر دستی بم پھینکا جو دیوار سے ٹکرا کر باہر گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا، تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا، اطلاع ملنے پر پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری اور بی ڈی کی ٹیم موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

## پی پی ایل اے کا ریٹائرڈ ملازم بازیاب، 3 اغواء کار گرفتار کرلیے گئے

**بخش علی کو 2 جولائی کو مشرقی بائی پاس سے اغواء کیا گیا تھا، مغوی کی بازیابی دشت سے عمل میں آئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کی ٹیم نے پی پی ایل کے ریٹائر ملازم کو دشت سے بازیاب کرا کر تین اغواکاروں کو گرفتار کر کے اسلحہ اور واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق 2 جولائی کو مشرقی بائی پاس کے علاقے برہچ قلعہ کے رہائشی محمد ملوک ولد بخش علی نے تھانہ منظور شہید میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ میرے والد بخش علی جو پی پی ایل سے ریٹائر ہوئے ہیں میری والدہ کو ڈاکٹر سے چیک اپ کرانے کے بعد پیدل گھر جا رہے تھے وہ جیسے ہی گھر کے قریب پہنچے ہی تھے کہ ایک گاڑی میں سوار دو مسلح افراد نے میرے والد کو اغوا کرلیا۔ اغوا کار والد کی رہائی کیلئے تین کروڑ روپے تاوان طلب کر رہے ہیں پولیس نے رپورٹ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ کو منتقل کردی پولیس ذرائع نے بتایا کہ ایس ایس پی سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ زوہیب محسن نے انچارج نظام الحق کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے 54 روز میں اغواکاروں کا سراغ لگایا۔ اغواکاروں نے مغوی بخش علی کو دشت میں ایک مکان میں رکھا ہوا تھا۔ جس پر ٹیم نے گزشتہ شب دشت میں کارروائی کرتے ہوئے مکان سے مغوی بخش علی کو بازیاب کرا کر تین اغواکاروں، بندہ خان، میجر، حنیف جتوئی اور، چنگیز بگٹی کو گرفتار کر کے تین ٹی ٹی 'جی تھری اور واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی قبضے میں لے لی۔

## دشت سے نوجوان کی لاش برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دشت کے علاقے سپر نڈ میں بھٹے کے قریب لاش برآمد ہوئی لیویز کے مطابق سول ہسپتال کوئٹہ میں لاش کی شناخت 22 سالہ جواد علی ولد محمد گل سکنہ اوستہ محمد کے نام سے ہوئی۔ جسے نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ہلاک کردیا تھا۔


MASHRIQ QUETTA


## پنجگور لیویز فورس کی کارروائی اسلحہ راؤنڈز اور ایس ایم جی میگزین برآمد

**تین عدد کلاشنکوف 10 عدد ایس ایم جی میگزین اور 3 ہزار راؤنڈز قبضے میں لے لئے**

پنجگور (این این آئی) پنجگور لیویز فورس کی کارروائی گاڑی کے خفیہ خانوں میں چھپائے گئے اسلحہ راؤنڈز اور ایس ایم جی کی میگزین برآمد گاڑی کو قبضے میں لیکر تین ملزمان.......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر


کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا لیویز فورس نے یہ کارروائی گوران لیویز چیک پوسٹ پر زیر نگرانی میجر لیویز فورس صابر علی گچکی انچارج گوران چیک پوسٹ محمد اعظم رئیس محرر عبدالغفار، ناصر علی کی سرکردگی میں کیا کارروائی کے دوران کار گاڑی کے خفیہ خانوں میں چھپایا گیا

## فائرنگ و حادثات میں 3 افراد جان سے گئے، کوئٹہ و عبدالرحمن زئی سے 2 نعشیں برآمد

**تفتان میں فائرنگ ایک شخص جان بحق، کوتھران میں بور لگانے کے دوران کھائی میں گر کر ایک مزدور جان کی بازی ہار گیا**

**لورالائی، ٹرک الٹنے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی ہوگیا، کوئٹہ اور عبدالرحمن زئی سے ملنے والی نعشیں ہسپتال منتقل**

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر، نمائندے) کوئٹہ کے نواحی علاقے دشت میں نوجوان کی لاش برآمد ہوئی لیویز کے مطابق دشت لیویز کو اطلاع ملی تھی کہ دشت کے علاقے سپر نڈ اینٹ بھٹے کے قریب ایک لاش پڑی ہوئی ہے۔ جس کو تحویل میں لے کر سول ہسپتال کوئٹہ پہنچایا جہاں لاش کی شناخت 22 سالہ نوجوان جواد علی کے نام سے ہوئے جو اوستہ محمد کا رہائشی تھا جسے نامعلوم افراد نے فائرنگ.......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر


کر کے قتل کیا تھا ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش روتا کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی لیویز کر رہی ہے۔ تحصیل گلستان کلی عبدالرحمن زئی کے قریب باغ سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد جسے شناخت کے لئے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں رکھ دیا گیا پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں فائرنگ ایک شخص جان بحق کوتھران میں بور لگانے کے دوران کھائی میں گر کر ایک شخص جان بحق تفصیلات کے مطابق پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے رفیق نامی شخص کو ہلاک کردیا مزید تحقیقات مقامی انتظامیہ کر رہی ہے ادھر کوتھران کے علاقے میں بور لگانے کے دوران ایک مزدور بور میں ایک سو دس فٹ کے گہراہ میں گر کر جان بحق ہوا دو روز بعد کوئٹہ سے امدادی اور ریسکیو ٹیم نے آکر جان بحق مزدور شخص کو بور کے کنویں سے نکال لیا جان بحق شخص بور کے اندر ایک سو دس فٹ کے گہراہ میں گر کر پھنس چکا تھا


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 AUG 2024 Page No.


# بلوچستان: مختلف علاقوں میں دھماکے، حملے، مسلح افراد کی ناکہ بندی، اہلکار اغواء

**کوئٹہ میں پچکی بیگ تھانے کے قریب دھماکہ، جیوانی میں سنسٹر کے مقام پر نامعلوم افراد کا پولیس اہلکاروں پر حملہ، اسلحہ چھین لیا، تھانے دار کے دفتر پر بھی دستی بم حملہ**

**3 گاڑیوں اور 5 موٹر سائیکلوں کو آگ لگادی، سبی میں اہلکاروں پر دستی بم حملہ، مستونگ میں لیویز تھانہ پر حملہ، کچھ کو اغواء کر کے لے گئے**

**اسسٹنٹ کمشنر کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات، تربت میں بھی فائرنگ و دھماکوں کی آوازیں، بیلہ میں دھماکوں سے خوف و ہراس**

کوئٹہ/تربت/بیلہ/مستونگ (انتخاب نیوز + بیورو رپورٹ + نمائندہ انتخاب) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بدامنی کے واقعات ہوئے ہیں جبکہ کچھ مقامات پر بم دھماکے بھی ہوئے، مسلح افراد نے بعض جگہوں پر قومی شاہراہوں کو بند کر کے ٹریفک روک لیا۔ کوئٹہ میں پچکی بیگ تھانے کے قریب بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

بم کے زوردار دھماکے سے خوف و ہراس پھیل گیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق اتوار کی شب نامعلوم ملزمان کی جانب سے پچکی بیگ تھانے کی دیوار کے ساتھ نصب کیا گیا دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا اور زمین میں گڑا پڑ گیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ لیویز حکام کے مطابق اتوار کی شب ضلع گوادر کے علاقے جیوانی میں سستر کے مقام پر نامعلوم افراد نے پولیس اہلکاروں پر حملہ کر کے ان سے اسلحہ چھین کر 3 گاڑیوں اور 5 موٹر سائیکلوں کو آگ لگادی جبکہ نامعلوم افراد ایس ایچ او کے دفتر پر دستی بم سے حملہ کر کے فرار ہو گئے، پولیس نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لینے کے بعد شواہد اکھٹے کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق اتوار کی رات سبی کے علاقے ترین چوک پر نامعلوم افراد نے چیکنگ کرنے والے پولیس اہلکاروں پر دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔ لیویز تھانہ مہلبی پر نامعلوم افراد کی جانب سے حملے کی اطلاعات، زرائع کے مطابق حملہ آوروں نے تھانے میں گھس کر تمام اہلکاروں کو یرغمال بنانے کے بعد تھانے کے کچھ اہلکاروں کو اپنے ہمراہ بھی لے گئے، جبکہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹریفک معطل ہونے کی اطلاعات ہیں۔ تاہم انتظامیہ کی جانب سے واقع کی تاحال نہ تفصیلات موصول ہوئی ہے اور نہ ہی آفیشلی طور پر حملے کی تصدیق ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق مقابلہ میں اسسٹنٹ کمشنر اور کچھ اہلکار زخمی ہوئے ہیں۔ گوادر میں پولیس پر نامعلوم افراد کا حملہ اسلحہ چھین کر 3 گاڑیوں اور 5 موٹرسائیکلوں کو آگ لگادی۔ شہر کے شمالی جانب بائی پاس سے متصل علاقے میں زوردار دھماکوں کی آوازیں کافی دیر سے فائرنگ کی آوازیں جاری ہیں دھماکوں سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے علاقے خوف و ہراس پھیل گیا ہے بتایا جاتا ہے کہ بیلہ بائی پاس کے ساتھ ہی سیکورٹی فورسز کے کیمپ کے قریب سے دھماکوں اور فائرنگ کی آوازیں آرہی ہیں۔

CamScanner

## نوسربازوں نے ٹیلی کام کمپنیوں کی آڑ لے کر لوگوں کو لوٹنا شروع کر دیا

[illegible]

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) جیل روڈ اور گردونواح میں نوسربازوں نے ٹیلی کام کمپنیوں کی آڑ لے کر لوگوں کو لوٹنے کا سلسلہ شروع کر دیا، لوگوں کو انعامات کا لالچ دے کر سم فروخت کی جاتی ہیں بعد میں پتہ چلتا ہے کہ کمپنی نے ایسی کوئی سکیم شروع ہی نہیں کی ۔مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے جیل روڈ کے رہائشیوں کا کہنا تھا کہ جیل روڈ منو جان روڈ اور گردونواح میں ایک گروپ جس میں مرد اور خواتین دونوں شامل ہیں لوگوں کے گھروں میں جا کر موبائل ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کمپنیوں کے نام سے فراڈ کرتے ہیں یہ گروپ عام طور پر ناخواندہ خواتین کو اپنا شکار بناتا ہے اور خواتین کو لالچ دیا جاتا ہے کہ آپ نئی سم خریدیں گے تو فلاں تاریخ کو کمپنی کی جانب سے آپ کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور احساس پروگرام کی طرف سے پیسے آئیں گے مختلف انعامی سکیمات کا بھی لالچ دیا جاتا ہے مہنگے داموں سم بیچ کر گروپ رفو چکر ہو جاتا ہے

## سریاب سمیت شہر کے اکثر علاقوں مین پتنگ بازی کیلئے خطرناک کیمیکل ڈور کا استعمال جاری

### پتنگ بازی کے دوران خطرناک کیمیکل ڈور کے استعمال پر پابندی ہے، انتظامیہ نوٹس لے، عوامی حلقے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) سریاب سمیت شہر کے اکثر علاقوں مین پتنگ بازی کے دوران خطرناک کیمیکل ڈور کے استعمال کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث متعدد حادثات رونما ہو چکے ہیں شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے واضح رہے کہ پورے ملک کی طرح کوئٹہ میں بھی پتنگ بازی کے دوران خطرناک کیمیکل ڈور کے استعمال پر پابندی ہے مگر اس کے باوجود نہ صرف اس کی خرید وفروخت ہوتی ہے بلکہ بچے اور جوان لڑکے علی الاعلان ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

اس کا استعمال بھی کرتے ہیں جس کے باعث سریاب کیچی بیگ اور دیگر علاقوں میں حادثات پیش آتے ہیں پتنگ بازی کے باعث شہر کے اکثر علاقوں میں بجلی بھی ٹرپ کر جاتی ہے اور اکثر بچے تاروں میں پھنسے ڈور کو جب پکڑتے ہیں تو نقصانات ہوتے ہیں شہریوں نے مشرق کے توسط سے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ پتنگ بازی پر پابندی عائد کی جائے اور خطرناک کیمیکل ڈور کی خرید وفرخت اور استعمال میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

JANG QUETTA

## ضلع جھل مگسی میں بدامنی کے واقعات

### کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

گنداواہ (نامہ نگار) ضلع جھل مگسی میں آئے روز قتل، ڈکیتی اور چوری کی وارداتیں وامن وامان کی بگڑتی صورت حال قابل تشویش ہے۔ شہر میں آئے روز چوری کی وارداتیں ہورہی ہیں اقلیتی تاجر برادری خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگی ہے۔ ان کے ساتھ متعدد بار ڈکیتی کی وارداتیں ہوئی ہیں اور دن دھاڑے ان سے لاکھوں نقدی اور زیورات چھین لیے گئے ہیں۔ ضلع کی واحد قومی شاہراہ سے منسلک نوتال سڑک انتہائی خطرناک بن چکی ہے۔ گنداواہ کے عوامی سماجی حلقوں تاجر برادری نے اعلیٰ حکام سے صورت حال کا نوٹس لیتے ضلع میں امن قائم کرنے اور عوام کے جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

## کوئٹہ کے گنجان آباد علاقوں میں کچرے کی ڈھلائی کا نظام متاثر
### صفائی کا نظام نہ ہونے کے برابر

زرغون روڈ، جان محمد روڈ، پرنس روڈ، اختر محمد روڈ اور دیگر گنجان آباد علاقوں میں نالیوں کا پانی شاہراہوں پر بہتا نظر آتا ہے

کوئٹہ شہر میں کچرہ دان بھر گئے، پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت عوام کو ریلیف فراہم نہ ہوا تو شہر کچرے سے بھر جائے گا

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ایک خودمختار ادارہ ہے اس کے سینئر ملازمین کام کا بہترین تجربہ رکھتے ہیں ان پر اعتماد کیا جائے، خان زمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سینی ٹیشن کے شعبے کو نجی شعبے کے حوالے کرنے سے کوئٹہ شہر کے گنجان آباد علاقے صفائی سے محروم ہوگئے، اکثر علاقوں میں نالیاں بند کوئی کھولنے والا نہیں گندا پانی شاہراہوں اور گلیوں میں بہنے لگا، بچے کچے کوڑا دان کچرے اور ملبے سے بھر گئے، شاہراہوں کی صفائی اور کچرے کی ڈھلائی کا کام سست روی کا شکار، شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہونے لگا تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سینی ٹیشن کے شعبے کو پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت نجی تحویل میں دیکر کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کچرہ اٹھانے اور صفائی کے کام کا آغاز رواں ماہ 14 اگست کے روز کیا گیا اس حوالے سے ایک تقریب منعقد کی گئی، جس کے فوری بعد کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے شعبہ سینی ٹیشن کے ملازمین اور مشینری کے ذریعے شہر میں کام کا آغاز کیا گیا جس کے دورس نتائج سے تا حال عوام غریب علاقوں کے شہری محروم ہیں۔ زرغون روڈ، جان محمد روڈ، پرنس روڈ، اختر محمد روڈ اور دیگر گنجان آباد علاقوں میں نالیوں کا پانی شاہراہوں پر بہتا نظر آتا ہے، گنجان آباد علاقوں میں کچرے کے ڈھیر لگنا شروع ہوگئے ضرورت اس امر کی ہے کہ کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں دوسری جانب بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر ممتاز مزدور رہنماء نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ماضی کی طرح اب بھی کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے قیمتی اثاثوں کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی، کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ایک خودمختار ادارہ ہے اس کے سینئر ملازمین کام کا بہترین تجربہ رکھتے ہیں۔

Century Express Quetta

## دالبندین، پرنس فہد ہسپتال میں ڈاکٹرز کی کمی، مریض پریشان

### 17 اسامیاں ہیں، تعینات صرف 3 ڈاکٹر ہیں جن میں سے دو چھٹی پر ہیں

چاغی (فاروق سیاہ پادرزند) دالبندین پرنس فہد ہسپتال میں ڈاکٹروں کی کمی سے مریضوں کو سخت پریشانی کا سامنا ہسپتال میں 17 ڈاکٹروں کے اسامیاں ہیں صرف 3 ڈاکٹر تعینات ہیں 2 ڈاکٹر چھٹی پر چلے گئے ایک ڈاکٹر 24 گھنٹہ کس طرح مریضوں کو چیک اپ کریں تفصیلات کے مطابق پرنس فہد ہسپتال دالبندین میں ڈاکٹروں کی کمی کی وجہ سے مریضوں کو سخت پریشانی کا سامنا ک ہے اس وقت پرنس فہد ہسپتال میں او پی ڈی کے لیئے بھی ڈاکٹر دستیاب نہیں غریب عوام کہا جائے کس سے فریاد کریں مریضوں کا کہنا ہے ایک عالیشان ہسپتال بلڈنگ کی صورت میں موجود ہے تمام تر سہولیات ہسپتال کے اندر میسر ہیں مگر مریضوں کو معمولی طبی چیک اپ کے لیے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہسپتال میں ڈاکٹروں کی کل 17 اسامیاں ہے صرف تین ڈاکٹر تعینات ہیں تین میں سے دو چھٹی پر گئے ہیں ایک ڈاکٹر 24 گھنٹہ کس طرح ہسپتال کو چلاتا ہے ساڑھے تین لاکھ نفوس پر مشتمل آبادی کو طبی سہولیات فراہم کرنے والا واحد پرنس فہد ڈی ایچ کیو ہسپتال مریضوں کا سہارا ہے مگر ایسے دیکھے ہسپتال کے اندر او پی ڈی کے لیئے بھی مریض رل جاتے ہیں ایم پرنس فہد ہسپتال علی احمد کا کہنا ہے ہسپتال میں ڈاکٹروں اور ادویات کی کمی کے بارے میں اعلیٰ حکام کو آگاہ کر چکا ہوں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 AUG 2024 Page No.


## بلوچستان حکومت کا 10 اضلاع کے اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلانے کا انقلابی قدم!

بلوچستان حکومت نے صوبے کے 10 اضلاع کے اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق سول اسپتال کوئٹہ، ژوب، پنجگور، کوہلو، پشین، خضدار، ڈیرہ بگٹی، قلات، لسبیلہ کے اسپتال بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلائیں جائیں گے۔ محکمہ صحت نے اقدامات کا آغاز کرتے ہوئے متعلقہ اسپتالوں سے تفصیلات اور اعداد و شمار طلب کر لئے۔ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے سنڈیمن پروینشل اسپتال کوئٹہ کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور ژوب، پنجگور، کوہلو، پشین، خضدار، ڈیرہ بگٹی، قلات، لسبیلہ کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اسپتالوں کے میڈیکل افسران کے نام مراسلہ لکھا گیا۔ اسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلانے اور ان کے امور کا جائزہ لینے کے لیے اسپتالوں میں موجود سہولیات، اسٹاف کی تعداد تعلیمی قابلیت، تجربہ، مشینری اور دستیاب آلات، آپریشن تھیٹرز، وارڈز، کمروں، ایمرجنسی رومز، آئی سی یو اور این آئی سی یو کی تفصیلات، اسپتالوں کا موجودہ بجٹ بشمول افرادی قوت پر لاگت، آلات، انفراسٹرکچر میں بہتری کی گنجائش، گزشتہ دو سے تین سالوں میں مریضوں کی تعداد، سہولیات کی تصاویر، بلوچستان ہیلتھ کارڈ کے ذریعے ادائیگیوں کے امکانات، اسپتالوں کے مالی اعداد و شمار فراہم کیے جائیں۔ مراسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ تفصیلات 26 اگست تک ڈائریکٹر پراجیکٹس بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی کو ارسال کردی جائیں۔ ژوب اور خضدار کے ٹراما سینٹرز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلایا جائے گا۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے اس ماڈل کے تحت منصوبوں کو مربوط منصوبہ بندی کے تحت بروئے کار لانے کے لیے 2017 پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی ایکٹ کو منظور کیا تھا، جس کے تحت پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس اتھارٹی کے ذمے ایک ریگولیٹری فریم ورک بنا کر پرائیویٹ سیکٹر کو مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کے لیے راغب کرنا ہے۔ اسی طرح چاروں صوبوں میں بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے ایکٹ بن چکے ہیں۔ بہرحال بلوچستان حکومت کی جانب سے زبردست قدم اٹھایا گیا ہے یہ ماڈل بلوچستان جیسے پسماندہ اور محروم صوبے کیلئے بہت ضروری ہے کیونکہ وسائل کی کمی اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے بجٹ میں گنجائش نہ ہو تو پھر اس ماڈل کے تحت ہی منصوبے مکمل کئے جاسکتے ہیں۔ یہ بلوچستان جیسے صوبے کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے تاہم ایک خاص منصوبہ کی افادیت یا اس کے نقصان دہ ہونے کا تعین ان شرائط سے ہوتا ہے جو حکومت کسی پرائیویٹ پارٹی سے کرتی ہے۔ بہرحال حکومت کا کام صرف منصوبہ پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کر کے ختم نہیں ہو جاتا بلکہ اس کی ذمہ داری ہے کہ اگر منصوبہ مکمل ہوتا ہے تو اس کی کوالٹی چیک کرے اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں شفافیت کو بھی یقینی بنائے۔ ہمارے سامنے سندھ کے بعض منصوبے جو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چل رہے ہیں وہ کامیاب ہیں مگر اس میں حکومتی توجہ خاص ہونی چاہئے۔ بلوچستان میں صحت کے شعبے میں یہ فیصلہ قابل ستائش ہے اس سے بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بہترین سہولیات میسر آئینگی۔ امید ہے کہ بلوچستان حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے اس قدم سے صحت کے شعبے میں غیر معمولی تبدیلی آئے گی، بلوچستان کے عوام کو علاج کیلئے پرائیویٹ یا دیگر صوبوں میں جانا نہیں پڑے گا، گھر کی دہلیز پر انہیں صحت کی تمام سہولیات دستیاب ہونگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 26 AUG 2024 Page No.

## Improving health sector

The health sector of Balochistan is amongst those sectors which are facing immense challenges such as shortage of doctors, paramedical staff, absenteeism, lack of medicines and other basic facilities. Hospitals in districts and remote areas are more in pathetic condition therefore people face difficulties and challenges despite spending a huge chunk of money on the health sector. Perhaps therefore, the government has decided to run government run hospitals through public-private partnership (PPP) to provide best treatment facilities to people. Initially, ten government hospitals in the province will be run under PPP. Two trauma centers would also be included in the list of hospitals. The hospitals to be run under the public-private partnership are district headquarters hospitals of Zhob, Panjgur, Kohlu, Pishin, Khuzdar, Dera Bugti, Kalat and Lasbela. The trauma centers of Zhob and Khuzdar will also be run under the new arrangement. In this regard, the health department has already signed agreements with the officials of various hospitals which are running hospitals in different cities of the country. However, the Young Doctors Association (YDA) Balochistan has strongly rejected the government's proposal to operate public hospitals in partnership with the private sector, vowing to resist any such move and stop the privatisation of healthcare facilities. YDA spokesperson Dr Saboor Kakar criticised the government's plan, warning that running hospitals under a public-private partnership (PPP) system would lead to further deterioration in the health sector. He claimed the scheme was designed to foster nepotism, corruption and financial commissions, exacerbating economic difficulties for doctors and other healthcare employees while also negatively impacting the poor. The warning of YDA to the government and initiating a protest movement against this initiative will only cause damages and difficulties for poor people who can't afford private hospitals. The decision of the government to run some hospitals under PPP has come after thorough deliberation and there is no harm in experiencing PPP plans that might work in accordance with government's expectations, and people in remote areas could get better healthcare facilities. It has been unfortunate that doctors deployed in remote areas hardly show willingness to serve in backward areas. It is surprising that even doctors who got medical seats from their respective districts and after completing their studies they oppose serving in their respective districts. It will be a wise decision if the government and YDA come up with a decision that should be in the interest of the general public. Initiating protest and boycotting OPDs and other duties would be a disservice to masses.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 AUG 2024

Page No.

# بلوچستان کے حالات کا تاریخی پس منظر



جرأت اظہار
☆☆☆
عرفان اطہر قاضی

جب ہم قیام پاکستان سے اب تک مرحلہ وار سازشوں کا تجزیہ کرتے ہیں تو ان حقائق کا بھی بغور جائزہ لینا چاہئے کہ مملکت خداداد پاکستان ہر دور میں بحرانی، ہیجانی اور نازک ترین صورت حال سے کیوں دوچار رہتی ہے اور اسکے وجود کے خلاف اب تک کون کون کس طرح سازشیں کرتا رہا ہے۔ بلوچستان میں علیحدگی پسند تحریکوں کے محرکات کیا ہیں؟ وہاں معاشی بدحالی، انسانی حقوق کی پامالی اور سیاسی وجوہات کی بنیاد پر جنم لینے والی تحریکوں میں کون کون سے کردار ملوث ہیں اور ان کے مقامی، ملکی اور بین الاقوامی سہولت کاروں کا بھی پردہ چاک ہونا چاہئے۔ مرزا غلام احمد قادیانی کی تحریروں میں بلوچستان کو قادیانیوں کی سرگرمیوں کا مرکز قرار دینا، گورداسپور ہندوستان کے حوالے کرنے کی قادیانی سازش اور کشمیر کی تقسیم کو متنازع بنا کر پاکستان اور بھارت کے درمیان دشمنی، نفرت اور ہمیشہ کی جنگ کے بیج بونے میں قادیانیوں کی انگریزوں کے ساتھ مل کر سہولت کاری جیسے ہوش ربا تاریخی حقائق پر مبنی والد گرامی جمیل اطہر قاضی کی زیر طبع تصنیف ”مسئلہ قادیانیت“ کے چند اقتباس بلا تبصرہ تحریر کئے جا رہے ہیں کہ جن کے پس منظر میں نوجوان نسل کو پاکستان کے خلاف عالمی سازشوں سے آگاہی بھی ملے گی اور آج ملک کو درپیش سنگین ترین مسائل کو جڑ سے اکھاڑنے میں صاحبان اقتدار و اختیار کو رہنمائی بھی میسر آئے گی شاید کہ ترے دل میں اتر جائے میری بات۔ قیام پاکستان سے قبل مفکر پاکستان حضرت اقبال یہودیوں اور قادیانیوں کی نظریاتی مماثلت و اشتراک کا تجزیہ کرتے ہوئے فرماتے تھے ”قادیانیت اپنے اندر یہودیت کے اتنے عناصر رکھتی ہے گویا یہ تحریک ہی یہودیت کی طرف رجوع ہے۔“ حضرت اقبال کی قادیانیت سے بیزاری کا ثبوت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ انہوں نے پنڈت جواہر لال نہرو کے نام اپنے 21 جون 1936ء کے مکتوب میں قادیانیوں کو غدار قرار دیا تھا۔ اسرائیل میں قادیانی مشن کی موجودگی اور یہودیوں سے تعلقات اس بات کی غمازی کرتے ہیں کہ وہ اسرائیل کیلئے سیاسی اور فوجی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ 1972ء تک اسرائیل میں چھ سو کی تعداد میں قادیانی موجود تھے۔ ظاہر ہے کہ یہ تعداد اب پہلے سے کہیں زیادہ ہو چکی ہوگی۔ یہ تفصیل پولیٹکل سائنس کے یہودی پروفیسر آئی ٹی نومانی کی کتاب (اسرائیل اے پروفائل کے صفحہ 75) پر درج ہے، قادیانی تیسرے دوست ملک سے ویزہ لے کر اسرائیل جاتے رہے اور وہاں تمام حقوق اور استحقاق سے مستفید ہو رہے ہیں حتیٰ کہ وہ یہودی خفیہ ایجنسی میں بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اسرائیل میں قادیانی مشن کی موجودگی کا اعتراف آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی کے پوتے اور مرزا بشیر الدین محمود کے بیٹے مرزا مبارک احمد نے اپنی کتاب (OUR FOREIGN MISSIONS) میں کیا ہے جو 1958ء میں ربوہ میں شائع ہوئی تھی۔ اس کتاب کے صفحہ 54 پر لکھا ہے ”احمدیہ مشن اسرائیل میں حیفا (ماؤنٹ کرمل) کے مقام پر واقع ہے اور وہاں ہماری ایک مسجد، ایک مشن ہاؤس، ایک لائبریری، ایک بک ڈپو اور اسکول موجود ہے۔ فلسطین کی تقسیم سے یہ مشن کافی متاثر ہوا ہے۔“ صدر یحییٰ خان کے دور حکومت میں قادیانیوں کو بے پناہ مراعات میسر تھیں۔ ایم ایم احمد قادیانی، ڈپٹی چیئرمین منصوبہ بندی کمیشن اور صدر کا مشیر برائے اقتصادیات مقرر ہو گیا۔ سر ظفر اللہ خان نے اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ امریکہ اور صدر یحییٰ کے اہلکاروں کے درمیان رابطے کا کام جاری رکھا۔ قادیانی بیوروکریٹس نے ملک کے مستقبل کے سیاسی ڈھانچے میں اپنا خاص کردار ادا کیا۔ ایم ایم احمد قادیانی کے دور میں دوسرے، تیسرے اور چوتھے پانچ سالہ منصوبے تیار کئے گئے۔ ”دی جیوش کرانیکل“ لندن نے یہ انکشاف کیا کہ میجر جنرل ہیکب جو مشرقی پاکستان میں ہندوستانی افواج کا سیکنڈ ان کمانڈ تھا وہ ایک یہودی تھا۔ وہ برطانوی صیہونی وفاق کے چیئرمین آنجہانی ڈاکٹر آئی ایس فوکس کا قریبی رشتے دار تھا۔ اخبار نے یہ بھی لکھا کہ ہندوستانی مسلح افواج میں بڑی تعداد میں یہودی افسر تھے۔ (اسپیکٹ لندن 27 دسمبر تا 21 جنوری 1973) اسرائیل ہمیشہ پاکستان کی وحدت اور سلامتی کے خلاف ریشہ دوانیوں اور سازشوں میں سرگرم عمل رہتا ہے۔ اس بات کی تائید اسرائیل کے بانی ڈیوڈ بن گوریان کی اگست 1967ء میں سوربون یونیورسٹی پیرس میں کی گئی تقریر سے ہوتی ہے۔ جس میں اس نے پاکستان کو اسرائیل کیلئے آئیڈیالوجیکل چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا ”عالمی صیہونی تحریک کو پاکستان کی طرف سے لاحق خطرات سے بے خبر نہیں ہونا چاہئے اور اب پاکستان کو اس کا پہلا نشانہ ہونا چاہئے کیونکہ یہ نظریاتی ریاست ہمارے وجود کیلئے ایک خطرہ ہے اور یہ کہ پاکستان کے سب لوگ یہودیوں سے نفرت اور عربوں سے محبت کرتے ہیں۔ عربوں سے یہ محبت ہمارے لئے بذات خود عربوں سے بھی زیادہ خطرناک ہے۔ اس مقصد کیلئے عالمی صیہونیت کیلئے یہ لازم ہے کہ وہ پاکستان کے خلاف فوری اقدامات کرے جبکہ جزائر ہند کے لوگ ہندو ہیں جن کے دل پوری تاریخ میں مسلمانوں کیخلاف نفرت سے بھرے ہوئے ہیں چنانچہ ہندوستان مسلمانوں کے خلاف کام کرنے کیلئے ہمارے لئے اہم ترین پڑاؤ ہے۔ یہ ضروری ہے کہ ہم اس مرکز سے کام لیں اور پاکستانیوں کو کچل دیں جو یہودیوں اور صیہونیوں کے دشمن ہیں۔ اس کیلئے تمام خفیہ و ظاہری منصوبے اپنائے جائیں۔“ ایک یہودی عسکری ماہر پروفیسر ہرنز لکھتا ہے ”پاکستان کے فوجیوں کے اندر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے بے پناہ محبت و عقیدت موجود ہے اور یہی وجہ ہے جو پاکستان اور عربوں کے درمیان تعلق کو مضبوط کرتی ہے اور حقیقت میں یہ عالمی صیہونیت کیلئے ایک سنگین خطرہ اور اسرائیل کی توسیع پسندی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ چنانچہ یہودیوں پر یہ لازم ہے کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس محبت و عقیدت کو ہر طریقے سے ختم کر دیں۔ (دی فلسطین، بیروت نمبر 120 جلد 40 XL جنوری 1972)۔“